72255- نمازاستخارہ سے صحیح استفادہ کس طرح ممکن ہے ؟

سوال

نمازاستخارہ سے صحیح استفادہ کس طرح ممکن ہے ؟
میرے رشتہ کے لیے ایک شخص نے پیغام بھیجا تومیں نے استخارہ کیااور بعد میں مجھے خواب آیاکہ شادی کا پیغام بھیجنے والے کی بہن نے مجھے ایک سبزرنگ کاجبہ پہنایااور کہنے لگی : اس کا منگیتر بھائی خوبصورت چیز کے علاوہ کچھ ہدیہ نہیں دیتا، گزارش ہے کہ آپ اس خواب کی تعبیر بتائیں تاکہ میں نمازاستخارہ سے صحیح استفادہ کرسکوں ؟

پسندیدہ جواب

یہاں کئی ایک امور کو سمجھنا ضروری ہے :

اول :

آپ نے جوخواب دیکھی ہے، اس کی تعبیر آپ ایسے شخص سے دریافت کریں جو تعبیر جانتا ہو، اوردین اور عقیدہ کے اعتبار سے بااعتماد بھی ہوتاکہ وہ آپ کواس کی تعبیر بتاسکے، اور آپ کو جاہل قسم کے اورشعبدہ بازوں سے بچنا ہوگا.

دوم :

بہت سے لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ استخارہ کے نتیجہ میں نیند میں خواب ضرور آتی ہے اوریہ شرط ہے، یا پھر سینہ میں راحت محسوس ہوتی ہے یااس طرح کا کوئی احساس، حالانکہ معاملہ ایسا نہیں، اگران اشیاء میں سے کچھ بھی نہ ہواورانسان استخارہ کرچکاہواوراس نے درست اورزیادہ صحیح کام کو معلوم کرنے کے لیے ہر ممکن اسباب بھی مہیا کیے ہوں، یعنی اس نے مشورہ کیا اور کوشش بھی اور تجربہ کارلوگوں سے دریافت بھی کیااور پھراس کام کو سرانجام دیا توامید کی جاسکتی ہے کہ یہ اس کے بہتر ہے، چاہے ابتدائی طورپراس کا شرح صدق نہ بھی ہواہو، بلکہ فرض کریں اس نے استخارہ کے بعد جوکام کیا ہے اسے اس کی توفیق نہ بھی ہوئی ہوتوہوسکتا ہے اس میں اس کے لیے بہتری اور خیر ہوجواسے معلوم نہیں، بلکہ اس کارب اس خیر کو جانتا ہے.

ابن الحاج مالکی کہتے ہیں :

بعض لوگ شرعی استخارہ کرتے اور پھر توقف کرتے ہیں حتی کہ وہ خواب دیکھیں جس سے وہ استخارہ والاکام کرنا یا نہ کرنا دیکھیں، یا کوئی اوراسے خواب میں دیکھے، اوریہ کچھ بھی نہیں، کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے تواستخارہ اور مشورہ کرنے کا حکم دیا ہے نہ کہ وہ جواسے خواب میں نظر آئے. انتھی

دیکھیں : المدخل (37/4).

سوم :

اگر یہ فرض کرلیا جائے کہ خوابوں کی تعبیر کسی خیر و بھلائی پر دلالت کرتی ہے تو پھر صالح اور اچھی خوابیں بشرات نہ ہوتیں، لیکن ان پر اعتماد نہیں کیا جائیگا، بلکہ شادی کا پیغام بھیجنے والے کے متعلق پوچھنے اور اس کے دین اور اخلاقیات کی جان پرکھ کرنے کی کوشش کرنا ضروری ہے، اور اس کے علاوہ آپ جو کچھ اس کے متعلق معلوم کرنا چاہتی ہیں وہ بھی معلوم کریں، اور جب آپ کو ان معاملات کا یقین ہو جائے، تو پھر یہ نیک اور اچھی خواب خوشخبری کی جگہ میں ہوگی، اور اس کام میں نیک شگون شمار ہوگی.

اللہ تعالی سے ہماری دعا ہے کہ وہ آپ کے لیے خیر و بھلائی کے حصول میں آسانی فرمائے، اور آپ کے لیے اس میں برکت فرمائے.

واللہ اعلم.